دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)
Dar-ul-ifta Ahl-e-sunnat

ریفرینس نمبر: Lar6209 | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | تاریخ: 28-12-2016

فحش ویڈیو شیئر کرنا کیسا؟

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس بارے میں کہ آج کل نیٹ کا دور ہے۔لوگ سوشل میڈیا کے مختلف ذرائع مثلاً فیس بک، واٹس اپ وغیرہ پر فحش ویڈیوز شیئر کرتے ہیں، ان کے لیے کیا حکم ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فحش وعریانی پر مشتمل ویڈیوز (videos) شیئر کرنا ناجائز وحرام اوراشاعتِ فاحشہ ہے اورایسے کرنے والے افراد گناہ کی طرف داعی اور سخت گنہگار ہیں، ان کی شیئر کردہ ویڈیوز جتنے افراد دیکھیں گے، ان سب کے گناہوں کے برابر شیئر کرنے والے کو گناہ ملے گا۔

صحیح مسلم، جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ، سنن دارمی، مسند احمد، مسند ابی یعلی، صحیح ابن حبان اورالمعجم الأوسط میں ہے:(واللفظ للاول) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:"ومن دعا الی ضلالۃ کان علیہ من الاثم مثل آثام من تبعہ لا ینقص ذلک من آثامھم شیئا" ترجمہ: جو کسی کو امرِ ضلالت کی طرف بلائے؛ جتنے اس کے بلانے پر چلیں، ان سب کے برابر اس پر گناہ ہو گا اور اس سے ان کے گناہوں میں کچھ کمی نہ ہو گی۔

(الصحیح لمسلم، کتاب العلم، جلد4، صفحہ2060، داراحیاء التراث العربی، بیروت)

امام اہل سنت اعلی حضرت الشاہ امام احمد رضاخان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں:"میں نے یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ ایسی محافل میں جتنے لوگ کثرت سے جمع کئے جائیں گے، اسی قدر گناہ و وبال صاحبِ محفل و داعی پر بڑھے گا۔حضار سب گنہگار اور اُن سب کا گناہ گانے بجانے والوں پر اور اُن کا، اِن کا سب کا بلانے والوں پر۔بغیر اس کے کہ اُن میں کسی کے اپنے گناہ میں کچھ کمی ہو مثلاً دس ہزار حضار کا مجمع ہے، تو ان میں ہر ایک پر ایک ایک گناہ اور فرض کیجئے تین اقوال تو اُن میں ہر ایک پر اپنا گناہ اور دس دس ہزار گناہ حاضرین کے، یہ مجموعہ چالیس ہزار چار اور ایک اپنا، کل چالیس ہزار پانچ گناہ داعی وبانی پر۔رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: من دعا الیٰ ضلالۃ کان علیہ من الاثم مثل آثام من تبعہ لاینقص ذلک من أثامھم شیئا رواہ الائمۃ احمدوالستۃ الاالبخاری عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ایسے محرمات کو معاذاللہ موجب قربت جاننا جہل وضلال اور ان پر اصرار کبیرہ شدید الوبال اور دوسروں کو ترغیب اشاعت فاحشہ واضلال، والعیاذ باللہ من سوء الحال۔

(فتاوی رضویہ، جلد24، صفحہ150، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــہ

محمد ھاشم خان عطاری مدنی

28ربیع الاول1438ھ/28دسمبر2016

خوفِ خدا و عشقِ مصطفےٰ کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشاکی نماز کے بعد امیر اہلِ سنّت کا مَدَنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جُمعرات مغرب کی نماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک، دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیتِ ثواب ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجاء ہے

نوٹ! دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔